# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamamadpolice.gov.pk | ہفتہ 20 اپریل 2024 | Islamabad Police

## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55491 |
| ملازمین کا اندراج | 54528 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20872 |
| گمشدگی / برآمدہ | 10 |
| جنرل ویریفکیشن | 95224 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 73 |
| گرفتار ملزمان | 46 |
| یکسو چالان | 80 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5801 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 15 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 1858 |
| سنگین خلاف ورزی | 552 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 4071 |
| بوگس کال | 3566 |
| ایمرجنسی رسپانس | 260 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 03 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 17 منٹ |

## ڈی آئی جی آپریشنز کا تھانہ کراچی کمپنی کا اچانک دورہ

**جرائم کی روک تھام میں ناقص کارکردگی پر محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، دورے کے دوران روزنامچہ، فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، تفتیشی افسران کے کمرے، کوت اور رہائشی کمروں کا معائنہ کیا، شہریوں سے غیر مناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا**



ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ڈی آئی جی) آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے تھانہ کراچی کمپنی کا اچانک دورہ کیا، سائلین سے ملے اور تھانے کے عملے کے رویے سے متعلق معلومات حاصل کیں، دورے کے دوران روزنامچہ، ریکارڈ روم، فرنٹ ڈیسک، حوالات، تفتیشی افسران کے کمرے اور رہائشی بیرکس کا معائنہ کیا اور افسران کو ہدایات جاری کی کہ تھانہ جات میں آنے والے شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے، شہریوں سے غیر مناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، سنگین جرائم کی روک تھام، ملزمان کی گرفتاری اور مال مسروقہ کی برآمدگی کے لئے فی الفور ٹھوس اقدامات کئے جائیں، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، شہریوں کی جان و مال اور عزت نفس کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 03 ہزار 22 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں او ر گاڑیو ں کی جانچ کی، جبکہ 09 مشکوک اشخاص اور 25 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 03 ہزار 22 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 1,048 مشکوک افراد، 1,974 موٹر سائیکل اور ایک گاڑی شامل ہیں، جبکہ 09 مشکوک اشخاص اوراصل دستاویزات نہ ہونے پر 25 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

## ایس ایس پی یاسر آفریدی کے اعزاز میں سنٹرل پولیس آفس میں پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد

**ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اسلام آباد میں تعیناتی پر خدمات کو سراہتے ہوئے اعزازی پولیس شیلڈز اور گلدستہ پیش کیا اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا**







اسلام آباد کیپیٹل پولیس سے ٹرانسفر ہونے والے ایس ایس پی انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) یاسر آفریدی کے اعزاز میں سنٹرل پولیس آفس میں پروقار الودعی کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس ہیڈ کوارٹرز حسن خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر تمام ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز، اے آئی جیز اور ایس پیز بھی موجود تھے، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز نے ایس ایس پی یاسر آفریدی کو اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے مختلف ڈویژن میں تعیناتی پر ان کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ ایک اچھا پولیس آفیسر وہ ہے جو اپنے فرائض منصبی بطریق احسن ادا کرے اور ایک لیڈر کے طور پر ہمیشہ فرنٹ پر رہ کر اپنے ماتحتوں کو لیڈ کرے، انہوں نے نئی تعیناتی پر ایس ایس پی یاسر آفریدی کو مبارکباد دی اور انکے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، تقریب کے اختتام پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جانب سے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز نے ایس ایس پی یاسر آفریدی کو پولیس شیلڈ اور گلدستہ پیش کیا، ایس ایس پی یاسر آفریدی نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس میں بطور اے آئی جی اسپیشل برانچ اور ایس ایس پی سی ٹی ڈی اپنے فرائض منصبی سرانجام دیئے۔

# ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

**ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا گیا**



ڈی آئی جی سیف سٹی/ٹریفک نے ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، انہیں سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں، سوشل میڈیا سنٹر، وائرلیس کنٹرول، ای چالان سسٹم اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر، ای چالان سسٹم اور "پکار-15" ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی سلامتی، جرائم کے سدِ باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی نے اسلام آباد پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا اور اس کامیاب دورے پر ڈی آئی جی سیف سٹی/ٹریفک کا شکریہ ادا کیا۔

# تھانہ سمبل اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے قتل میں ملوث ملزم کو قلیل وقت میں گرفتار کر لیا

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، مورخہ 17 اپریل 2024 کو تھانہ سمبل پولیس کو ایک شہری کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ میں گولڑہ ریلوے اسٹیشن اسلام آباد کا رہائشی ہوں، ملزم اعجاز علی نے دوران لڑائی جھگڑا چھری کے وار کر کے میرے بھائی نوید علی کو زخمی کر دیا، جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا، جس پر تھانہ سمبل پولیس نے فوری مقدمہ نمبر 24/ 237 درج رجسٹرڈ کر کے تفتیش شروع کر دی، تھانہ سمبل اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث ملزم




اعجاز علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ جرائم اور تشدد پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لا رہی ہے، ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لا کر قرار واقعی سزا دلوا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ملزم کو ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوراً اطلاع دیں، تا کہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

# تھانہ سمبل پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کر لیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل اور پرزے برآمد کر لیے گئے، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سمبل پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل اور مسروقہ موٹر سائیکلوں کے پرزے برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کی شناخت محمد نعیم، ولی خان اور رحمت کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ سمبل کے علاقوں میں موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چھ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔



تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران چھ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم امین یونس کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 15 لیٹر شراب برآمد کر لی، جبکہ غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے پر ملزم فیضان کو گرفتار کر لیا، تھانہ سمبل پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے اور پٹرول فروخت کرنے پر چار ملزمان محمد اقبال، محمد توصیف، محمد شہزاد اور باسط کو گرفتار کر لیا، تھانہ نون پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر دو ملزمان صفدر ایاز اور عزیز الرحمان کو گرفتار کر لیا، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم عمر خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کر لی، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے دو ملزمان نعمان مشتاق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1,150 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم ریاض شاہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 540 گرام ہیروئن برآمد کر لی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران چھ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

**جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 102 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 64 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کئے جاچکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تاکہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے**



اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 102 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 64 ہزار 774 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جاچکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جارہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹر سائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جارہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جارہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جاسکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جارہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ ترنول کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

**سرچ آپریشن کے دوران 30 گھروں، 11 گاڑیوں، 13 موٹر سائیکلوں اور 40 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارالحکومت کی سیکورٹی کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے**







ایس پی انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ ترنول کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 30 گھروں، 11 گاڑیوں، 13 موٹر سائیکلوں اور 40 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ 02 مشکوک افراد اور 05 بغیر کاغذات موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کے لئے تھانہ منتقل کیا گیا، ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جارہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار– 15" یا " آئی سی ٹی "-15 ایپ پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار -15" پر 04 ہزار 71 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 566 غیر متعلقہ کالز تھیں**

جو کہ کل کالز کا 87% فیصد ہے،"پکار– 15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے۔




تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بروقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، "پکار– 15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، سیف سٹی میں "پکار– 15" کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار -15" ہیلپ لائن پر 04 ہزار 71 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 566 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 87% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 260 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 87% فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ "پکار– 15" ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کر کے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police SATURDAY APRIL 20, 2024 Islamabadpolice.gov.pk



### PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 4071 |
| Hoax Call | 3566 |
| Emergency Response | 260 |
| Minimum Response Time | 03 Min |
| Maximum Response Time | 17 Min |

### TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 1858 |
| Major Violation | 552 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | ---- |
| Learner Permit | ---- |

### CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 73 |
| Accused Arrested | 46 |
| Challan Submitted in Court | 80 |
| Stop & Search | 5801 |
| P.O / C.O Arrested | 15 |

### TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 55491 |
| Employee Registration | 54528 |
| Vehicle Verification | 20872 |
| Lost & Found Reports | 10 |
| General Verification | 95224 |

## DIG Operations pays surprise visit to Karachi Company Police Station



According to the details, the DIG Operations, Syed Shehzad Nadeem Bukhari paid a surprise visit to Karachi Company police station, a public relations officer said. During the visit, DIG Operations met the citizens and enquired about the behavior of the staff of the police station and checked the records, roznamcha, front desk, record room, lockup, investigation officers' rooms and residential barracks. He said that inappropriate behavior toward citizens will not be tolerated under any circumstances. He directed the police officials to utilize all available resources for the convenience of citizens. Effective steps should be taken immediately for the prevention of serious crimes, apprehension of accused and recovery of stolen goods, he added. He further said that no effort will be spared in providing relief to the citizens, the protection of life and property of the citizens is among the top priorities of the Islamabad Capital, he maintained.

## Farewell ceremony held in honour of outgoing SSP







According to the details, a dignified farewell was held at the Central Police Office in honor of SSP Counter Terrorism Department (CTD) Yasir Afridi, who was transferred from Islamabad Capital Police, a public relations officer said. He said that, the ceremony was attended by Deputy Inspector General of Police (DIG) Headquarters Hassan Raza Khan as chief guest, while all DIGs, SSPs, AIGs and SPs were also present on this occasion. DIG Headquarters appreciated the service rendered by SSP Yasir Afridi and said that a good police officer is one who performs his duties with dignity and hard work and as a leader he is always at the front and leads his subordinates. He congratulated SSP Yasir Afridi on his new appointment. At the end of the ceremony, Deputy Inspector General of Police (DIG) Headquarters Hassan Raza Khan presented a police shield and bouquet to SSP Yasir Afridi on behalf of Islamabad Capital Police and wished him best of luck for his future endeavors. SSP Yasir Afridi served as AIG Special Branch and SSP CTD during his service in Islamabad Capital Police.

## Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 3,022 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 1,048 pedestrians and 1,974 motorcycles during the special and snap checking, out of which 09 suspicious individuals and 25 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. “Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens”.



# Retired Addl IG Capt Zafar Iqbal visits Safe City Islamabad







According to the details, retired Additional IG Captain Zafar Iqbal visited Safe City Islamabad, and was welcomed by CPO Safe City/Traffic, a public relations officer said. He said that, the guest visits the command and control center, the data hub unit, modern technology-equipped cameras, and the police operations center hall. They were fully briefed about the procedures and advantages of this project. Furthermore, the guest was informed that Safe City Islamabad is playing a significant role in various departments through modern techniques, including the Police Operations Center, Emergency Control Center, Data Hub Unit, Dispatch Control Center, E-Challan System, and the "Pucar-15" helpline. The guest was also apprised of the functionality and benefits of the Safe City cameras in the city. The modern cameras of Safe City are playing a crucial role in ensuring the safety of the city, preventing crimes and safeguarding the lives and property of citizens. 42% of crimes are resolved through the Safe City Command and Control Center. Face recognition cameras have been installed at the entry and exit points of the city which are playing an important role in identifying suspicious elements, he maintained. The retired Additional IG captain Zafar Iqbal acknowledged the modern technical system of the Islamabad Capital Police and its benefits and expressed special gratitude to CPO Safe City/Traffic and his team for this successful visit.

# Accused arrested involved in murder case




According to the details, the Islamabad Capital Police Sumbal police station and Homicide Unit police teams have arrested an accused involved in a murder case and recovered a pistol from his possession, a public relations officer said. He said that, on April 17,2024, the Sumbal police station received an application from a citizen who stated that, i'm a resident of Bani Stop Golra Railway Station Islamabad, the accused namely Ejaz Ali stabbed my brother Naveed Ali, who succumbed to his injuries and died. Upon receiving the application, the Sumbal police team registered an FIR no. 237/24. Following this incident a special investigation team was constituted. The police teams utilized all available resources and used technical and scientific methods and arrested an accused, namely Ejaz Ali and recovered a pistol from his possession, while further investigation is underway. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for an effective crackdown against the accused involved in criminal activities and to ensure the safety of lives and property of citizens on a priority basis.

# Three members of bike lifter gang arrested; five stolen motorbikes recovered

Islamabad Capital Police Sumbal police team arrested three wanted members of a motorbike lifter gang involved in numerous motorbike lifting activities and recovered five stolen motorbikes and spare parts from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sumbal police team used technical and human resources and succeeded in apprehending three wanted members of a motorbike lifter gang involved in numerous bike lifting activities. The accused were identified as Muhammad Faheem, Wali Khan and Rehmat. Police team also recovered five stolen motorbikes and spare parts from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the preliminary investigation the nabbed accused confessed their involvement in numerous bike lifting activities in the jurisdiction of Sumbal police station. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and




ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis. Citizens are urged to cooperate with police and to report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT-15"app for immediate assistance.

## 17 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 17 outlaws including six professional baggers from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Karachi Company police team arrested an accused namely Aman Younas and recovered 15 liter liquor from his possession. The Secretariat police team arrested an accused namely Faizan involved in illegally gas refilling and petrol selling. Likewise, the Sumbal police team arrested four accused namely Muhammad Iqbal, Muhammad Touseef, Muhammad Shahzad and Basit involved in illegal gas refilling and petrol selling. The Noon police team arrested two accused namely Safdar Ayaz and Aziz Ur Rehman involved in illegally gas refilling. Similarly, the Khanna police team arrested an accused namely Umar Khan and recovered 20 liters of liquor from his possession. The Lohi Bher police team arrested an accused namely Nouman Mustaq and recovered 1150 gram heroin from his possession. Moreover, the Bhara Kahu police team arrested an accused namely Riaz Shah and recovered 540 gram heroin from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the ongoing crackdown against professional beggars, the Islamabad Capital Police arrested six professional baggers and registered cases against them under the beggar act. DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# Search and combing operation conducted at Tarnol Police Station jurisdiction

Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Tarnol police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of SSP Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Tarnol police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 40 suspicious persons, 30 houses, 13 motorcycles and 11 vehicles were thoroughly checked while police team also shifted 02 suspicious persons and 05 without documents motorcycles to the Police station for further verification purpose. SSP (CTD) said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking and report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT-15"app for immediate assistance.



# Over 2,64,774 e-challan tickets issued through safe city cameras

Islamabad Capital Police safe city e-challan system has issued over 2,64,774 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, the Islamabad Capital Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Capital Police have issued 102 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,64,774 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers.

## Pucar-15 helpline received 3,566 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 4,071 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 4,071 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,022 calls were hoax and irrelevant to police which make up 87% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police

Islamabad Police
@ICT_Police

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر عملدرآمد شروع۔

والد کی طرف سے دی جانے والی درخواست پر نافرمان اولاد کے خلاف تھانہ کراچی کمپنی میں ایف آئی آر درج، دونوں بیٹوں کو حوالات بند کر دیا گیا۔

#ICTP #OPS

Translate post



Islamabad Police
@ICT_Police

اسلام آباد میں ٹریفک معمول کے مطابق رواں دواں ہے۔ بارش کے دوران احتیاط سے گاڑی یا موٹر سائیکل چلائیں۔

#ICTP #SCI #Islamabad

Translate post




2:01 pm · 19 Apr 24 · 2,615 Views

2 Reposts 33 Likes

Islamabad Police
@ICT_Police

اینٹی وہیکل لفٹنگ یونٹ نے کار، موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ایک گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کرکے شہری کی چوری شدہ کار، موٹر سائیکل، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔

#ICTP #Islamabadpolice

Translate post




12:48 pm · 19 Apr 24 · 1,183 Views